بہترین تفریحی فلم

भरोसा

بھروسہ

اداکاران

گورودت ۔ آشا پاریکھ

محمود ۔ اوم ۔ کنہیا لعل قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

بھروسہ فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

کاہے نینا لگن جھبیے
یہ میلا دو دن کا
بے گی کتنوں کی جان چھبی رہیے
یہ میلہ دو دن کا
کاہے کرتا ہے پیار چھبیلا
یہ میلہ دو دن کا
جا جا دور رہے نہ ڈال چھبیلا
یہ میلہ دو دن کا
ارے ذرا سن من ارے جا جا جا
او جی ٹھمک ٹھمک ذرا ٹھمک ٹھمک
تیری خاطر کھول کے رکھا ہے دل کا دروازہ
بتا ہم نہیں تیرے والے مرضی ہے تو آجا
تیرا آیا دلدار چھبیلا یہ میلہ دو دن کا
دیکھ ذرا یہ کالی کالی زلفوں کی زنجیریں
باندھی ہوئی ہیں ان میں تیرے جیسوں کی تقدیریں
لٹ جائے گا جہان چھبی رہیے
یہ میلہ دو دن کا

گانا نمبر ۲ آج کی ملاقات بس اتنی
کر لینا باتیں کل چاہے جتنی
اچھی نہیں ہوتی ہے ضد اتنی
دیکھو ہمیں تم سے ہے پریت کتنی
پیار جو کیا ہے ستاتے ہو کیوں
بات ایسی ہونٹوں پہ لاتے ہو کیوں
اور ہم جو بولیں سنتا تے ہو کیوں
ابھی ابھی آئے اب جاتے ہو کیوں
کبھی کبھی ایسے بھی آیا کرو
جانے لگے تو پھر جایا کرو
آئیں گے جائیں گے مرضی سے ہم
پیار ہے تو ناز بھی اٹھایا کرو
پھر دیں دل کو سمجھا لوں ذرا
پلکوں میں تم کو چھپا لوں ذرا
سمجھے نا اب تک محبت ہے کیا
آؤ تمہیں یہ بھی سمجھا دوں ذرا
گانا نمبر ۳ اے یار دیہ جو دنیا ہے میں نے اسے دیکھا ہے
میں نے اسے سمجھا ہے سب دھوکا ہی دھوکا ہے
یہاں مطلب کے سب بندے ہیں
یہاں چوری کے سب دھندے ہیں
کوئی گھسا کاٹے ہاتھوں سے کوئی لوٹے میٹھی باتوں سے

بس فرق ہے اتنا جوڑوں میں کوئی بڑا کوئی چھوٹا ہے
جھٹکنے کو سبھی جھٹکاتے ہیں
گرنے کو سبھی گراتے ہیں
جو بیٹھے پر دلا مارے اُسکو آداب بجاتے ہیں
کچھ جھوٹ کہا ہو بیٹا تو سر میرا تیرا جوتا ہے
گلا بڑا :- یہ جھکے جھکے نیناں یہ لٹ بل کھائی
تو دل کیوں نہ میرا دیوانہ ہو تیرا
یہ شرم سے دہکتے گال
چین کے دشمن ہو گئے
یہ اُلجھے اُلجھے بال
دلوں کی اُلجھن ہو گئے
تیرے گالوں کی خیر تیرے بالوں کی خیر
کیوں نہ ظلمی او ظالم نشانہ ہو تیرا
تیری زلف کا سانپ بھی بنتا اگر میں گجرا ہوتا
تیری انکھیوں میں بس جاتا اگر میں گجرا ہوتا
تیرے گجرے کی خیر تیرے گجرے کی خیر
جو بھی دیکھے نہ کیسے نشانہ ہو تیرا
کوئی دیکھے مور چکور ۔ ڈال نہ ایسی دیکھی
یہ کمر لچکتی ڈال ڈال نہ ایسی دیکھی
یہ رنگ یہ روپ جیسی چڑھتی ہو دھوپ
گوری پھر کیوں نہ سارا زمانہ ہو تیرا

گانا ۹

وہ دل کہاں سے لاؤں

تیری یاد جو بھلا دے
مجھے یاد آنے والے کوئی راستہ دکھا دے
رہنے دے مجھکو اپنے
قدموں کی خاک بن کر
جو نہیں تجھے گوارا مجھے خاک میں ملا دے
میرے دل نے تجھکو چاہا
کیا یہ میری خطا ہے
مانا خطا ہے لیکن ایسی تو نہ سزا دے

گانا ۱۰

تیری دنیا میں
کوئی بھی ہمارا نہ ہوا
غیر تو غیر تھے اپنوں کا سہارا نہ ہوا
لوگ رو رو کے بھی
اس دنیا میں جی لیتے ہیں
ایک ہم ہیں کہ ہنسے بھی تو
تو گزارا نہ ہوا
اک محبت کے سوا اور نہ کچھ مانگا تھا
کیا کریں یہ بھی زمانے کو گوارا نہ ہوا
آسماں کتنے ستارے ہیں تیری محفل میں
اپنی تقدیر کا ہی
کوئی ستارہ نہ ہوا

گانا نمبر ۲: کبھی دشمنی کبھی دوستی
کبھی بات بات میں دل لگی
ہائے اللہ مر جائے دل والے
ہم نہ ہوتے ہم نہ ہوتے
زندگی تمہی سے ہے

حسن والو یاد رکھو
عاشقی تمہی سے ہے
یہ نیا وطن یہ سجاد یں
دن رات ناک میں دم کریں
ہائے اللہ مر جائیں —

آجکل جسکو دیکھو وہی پروانہ ہے
یاں جسکے بھی ہوں گیسو وہی دیوانہ ہے
کبھی یہ ادا کبھی وہ ادا
کبھی بیوفا کبھی باوفا
ہائے اللہ جائیں کہاں دل والے
کیا ستم ہے دل چرا کر
آنکھ دکھلاتے ہیں وہ
کیا سمجھ کر پیچھے پیچھے دل لئے آتے ہیں وہ
کوئی گھر نہیں کوئی در نہیں
میری جان جیت میں ڈر نہیں
ہائے اللہ جائیں کہاں دل والے

گانا نمبر ۶:۔ دھڑکا او دل دھڑکا
گزرا گلی سے میری
میرے سپنوں والا ایک لڑکا
میں نے بھی دیکھا اس نے بھی دیکھا
آنکھوں ہی آنکھوں میں ہوئی بتیاں
ہائے ایک بھول ہوئی نہ بھی نہ پوچھا
کیسے بیتیں گی یہ اب رتیاں
ہو گا ملن کب میں تو نہ جانوں
جانے تو جانے وہ من بسیا
اس کی لگن میں گاتی رہوں گی
آ رے نہ آئے میرا رسیا
ختم شد

پامسٹری عرف خط تقدیر

علم سامدرک یعنی ہاتھ کی ریکھائیں دیکھ کر تقدیر کا پچھلا اگلا حال معلوم کیجئے۔ اس لاجواب کتاب میں ہاتھ کے مختلف فوٹو دیکر ایک ایک ریکھا کو اچھی طرح سمجھایا گیا ہے جو ایک معمولی لکھا پڑھا انسان بھی بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ ہر علم کو سمجھکر آپ ہزاروں روپیہ پیدا کر سکتے ہیں۔
قیمت صرف ۸/۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپ کی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اُسکو کافی پریشانی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر اُستاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف -/۱/- علاوہ محصولڈاک معاف

اردو ہندی ٹیچر

آجکل اُردو اور انگریزی کے علاوہ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر اُستاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف -/۸/ علاوہ محصولڈاک معاف

زنن اشٹیڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی